13مارچ2019ء

چھوٹے اور درمیانے کاروباری ادارے ایس ایم ای فنانس پالیسی اور ری فنانس سہولتوں سے فائدہ اٹھائیں: اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید ثمر حسنین نے سیالکوٹ میں ایس ایم ایز سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے ایس ایم ایز کے لیے پلانٹ اور مشینری کی خریداری کے لیے کئی ری فنانس سہولتوں اور خصوصی شعبوں کے لیے ورکنگ کیپٹل فنانس کا انتظام کیا ہے۔ آج سیالکوٹ میں ایس ایم ای شعبے کے مینوفیکچررز اور برآمدکنندگان اور بینکاروں سے ملاقاتوں میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ایس ایم ایز کو ان سہولتوں سے آگاہ کیا جائے۔ ساتھ ہی انہوں نے ایس ایم ایز پر زور دیا کہ وہ آگے بڑھیں اور اسٹیٹ بینک کی ان سہولتوں کے بارے میں جاننے کے لیے قریبی بینک برانچز سے رجوع کریں جو انہیں دستیاب ہیں۔

سید ثمر حسنین نے کہا کہ جہاں تک تعداد کا تعلق ہے، آپ کے علاقے میں بیشتر ادارے ایس ایم ایز ہیں۔ اگر آپ بالواسطہ برآمدکنندہ سے ترقی کرکے بلاواسطہ برآمدکنندہ بننا چاہتے ہیں تو آپ جدت کاری کے لیے اسٹیٹ بینک کی ری فنانس سہولتیں حاصل کرکے اپنے پلانٹ اور آلات کو جدید بنا سکتے ہیں اور اس میں توسیع کرسکتے ہیں۔ انہوں نے ایس ایم ایز کو ترغیب دی کہ وہ بجلی کے مسائل پر قابو پانے کے لیے قابل تجدید توانائی کے لیے اسٹیٹ بینک کی ری فنانس سہولت حاصل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایس ایم ایز گودام، کولڈ اسٹوریج سہولت اور ویئرہاؤسز قائم کرنے میں بھی اسٹیٹ بینک کی رعایتی ری فنانس سہولت استعمال کرسکتے ہیں۔ انہوں نے ایس ایم ایز کو یقین دلایا کہ ایس بی پی بی ایس سی سیالکوٹ آفس ایس ایم ایز کو دی جانے والی فنانسنگ کا جائزہ لے گا اور اس سلسلے میں پیش رفت کی بغور نگرانی کی جاتی رہے گی۔

ایک پریزینٹیشن میں اسٹیٹ بینک کی ایس ایم ای فنانس کے فروغ کی پالیسی کے چیدہ چیدہ نکات کی تشریح کی گئی۔ اس میں پالیسی کے نوستون اجاگر کیے گئے یعنی (i) ضوابطی فریم ورک کو بہتر بنانا، (ii) مائیکروفنانس بینکوں کے ذریعے اپ اسکیلنگ (iii) خطرہ کم کرنے کی حکمت عملی (iv) ایس ایم ای فنانسنگ کا سادہ بنایا گیا طریقہ کار (v) پروگرام پر مبنی قرض اور ویلیو چین فنانسنگ (vi) استعدادکاری اور آگاہی کا فروغ (vii) ایس ایم ایز کی ہینڈ ہولڈنگ—غیر مالی مشاورتی خدمت (viii) ایس ایم ای فنانسنگ کے فروغ کے لیے لیوریجنگ ٹیکنالوجی، اور (ix) ایس ایم ایز کے لیے ٹیکسیشن کے نظام کو آسان بنانا۔

اجلاسوں/آگاہی کے سیشنز میں مختلف تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی جن میں سیالکوٹ کی پاکستان اسپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن، پاکستان گلوز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن، لیدر گارمنٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن، پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن اور پاکستان کٹلری اینڈ اسٹین لیس یوٹنسلز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن شامل ہیں۔ تمام بینکوں کے ریجنل سربراہان، ایس ایم ای کے سربراہان اور برانچ منیجرز نے بھی ان اجلاسوں میں شرکت کی۔ چیف منیجر سیالکوٹ بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

**